SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ORDINANCE NO.XI OF 1991

سندھ ایمپلائیز اسپیشل الائونس (ادائیگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱

THE SINDH EMPLOYEES SPECIAL ALLOWANCE (PAYMENT) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1991

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ ۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ X میں ترمیم

Amendment in Sindh Act X of 1986

۳۔ ۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ X میں دفعہ 3-A کی شمولیت

Insertion of Section 3-A of Sindh Act X of 1986

۴۔ منسوخی

Repeal

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ORDINANCE NO.XI OF 1991

سندھ ایمپلائیز اسپیشل الائونس (ادائیگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱

THE SINDH EMPLOYEES SPECIAL ALLOWANCE (PAYMENT)(AMENDMENT) ORDINANCE, 1991

[۲۲ اگست ۱۹۹۱]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ ایمپلائیز اسپیشل الائونس (ادائیگی)، ایکٹ، ۱۹۸۶ میں مزید ترمیم کی جائیگی۔

جیسا کہ سندھ ایمپلائیز اسپیشل الائونس (ادائگی) ایکٹ، ۱۹۸۶ میں مزید ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

تمہید (Preamble)

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانے ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and

۱۔ (1) اس آرڈیننس کو سندھ ایمپلائیز اسپیشل الائونس (ادائگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱ کہا جائیگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا اور پہلی دسمبر ۱۹۹۰ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۲۔ سندھ ملازمین کا خاص الاؤنس (ادائگی) ایکٹ، ۱۹۸۶ میں، جس کو اس کے بعد

commencement

بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس میں الفاظ "خاص الاؤنس" جہاں بھی آئیں، ماسوائے دفعہ ۳ کے، اس کے بعد الفاظ "اور اضافی خاص الاؤنس" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ X میں ترمیم

Amendment in Sindh Act X of 1986

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۳ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ 3-A شامل کی جائے گی:

۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ X میں دفعہ 3-A کی شمولیت

Insertion of Section 3-A of Sindh Act X of 1986

"3-A۔ ہر ملازم قطع نظر جتنی بھی اجرت لیتا ہے اپنی ملازمت کے حوالے سے پہلی دسمبر ۱۹۹۰ پر یا اس کے بعد ملازمت دینے والے کی طرف سے اسے اضافی خاص الاؤنس دیا جائے گا، جو دو سو روپے ماہانہ کے برابر ہو گا۔"

منسوخی

Repeal

۴۔ سندھ ملازمین کا خاص الاؤنس (ادائگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۰ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔